# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 11-09-2026**

**Time : 07:40 / PM**

---

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مبشر رفاعی۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

## ہیڈ لائنز

✓ (۱) ----- **18** واں برکس اجلاس کل سے ہوگا بھارت منڈپم نئی دلی میں شروع // عالمی نوعیت کے مختلف معاملات پر ہوگا سیر حاصل تبادلہ خیال۔

✓ (۲) ----- وزیر اعظم نریندر مودی نے تمام صورتوں کی دہشتگردی کا قلع قمع کرنے کا دہرایا عزم۔

✓ (۳) ----- جموں کشمیر میں بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی رکاوٹوں کو دور کرنے نیز ان کی موثر نگرانی کیلئے پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ۔

اور

✓ (۴) ----- بھارت نے **80** لاکھ **HPV** ٹیکہ کاری کے ہدف کو پورا کر کے طبی شعبے میں کیا ایک اہم سنگ میل عبور۔

## اب پیش ہے خبروں کی تفصیل

برکس اجلاس

برکس سربراہ اجلاس قومی راجدھانی نئی دلی کے بھارت منڈپم میں کل سے منعقد ہونے جا رہا ہے۔اس **2** روزہ چوٹی کے اجلاس کیلئے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ **18** ویں برکس اجلاس میں **11** بڑی ابھرتی ہوئی اور ترقی پذیر معیشتیں ایک ساتھ جمع ہوں گی، جن میں برازیل، چین، مصر، ایتھوپیا، انڈونیشیا، بھارت، ایران، روس، سعودی عرب، جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔

اجلاس میں شرکت کرنے والے عالمی لیڈروں میں روسی صدر ولادمیر پوتین، چینی صدر شی جن پنگ اور ایران کے صدر مسعود پیزشکیاں بھی شامل ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی اجلاس کے حاشیے پر عالمی لیڈروں کے ساتھ سلسلہ وار باہمی میٹنگیں بھی کریں گے۔

برکس سربراہ اجلاس آج چوتھی بار بھارت کی صدارت میں منعقد ہو رہا ہے۔ اس سے قبل بھارت نے 2012، 2016 اور 2021 میں اس اجلاس کی صدارت سنبھالی تھی۔

مودی برکس

دریں اثنا وزیراعظم مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں امید ظاہر کی ہے کہ کل سے نئی دلی میں شروع ہونے والے 18 ویں برکس اجلاس کے دوران مختلف معاملات پر بامعنیٰ اور مثبت تبادلہ خیال ہوگا۔

مودی بات چیت

18 ویں برکس اجلاس کیلئے عالمی لیڈروں کی نئی دلی آمد جاری ہے۔ بیشتر ممالک کے سربراہ بھارت پہنچ گئے ہیں۔ دریں اثنا وزیراعظم نریندر مودی اجلاس سے پہلے آج مختلف ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کر رہے ہیں، جس دوران ان ممالک کے ساتھ بھارت کے رشتوں کو مزید مستحکم کرنے اور عالمی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا جارہا ہے۔ آج شام وزیراعظم نے روسی صدر ولادمیر پوتن کے ساتھ بات چیت کر کے باہمی مفادات کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

جے شنکر

وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ استقامت ہر ایک ملک کی معاشی حکمت عملی میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ آج صبح نئی دلی میں برکس بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ برکس پچھلے کئی برسوں سے اشتراک اور آپسی تعاون کے ایک دیرپا اور فعال پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس اُس وقت ہو رہا ہے جب عالمی سطح کے اقتصادی اور سیاسی منظرنامے میں نمایاں تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔

11 / 9 مودی

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اگرچہ دہشت پسندی کے خطرات ابھر کر سامنے آئے ہیں تاہم بھارت تمام صورتوں کی دہشت پسندی کی مخالفت کرتا اور اس کا مقابلہ کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ امریکہ میں نائن الیون دہشت گردانہ حملے کے 25 برس مکمل ہونے کے موقعے پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کی وجہ سے پوری دنیا میں بے شمار جانیں تلف ہوئیں ہیں۔

انہوں نے کہا کہ سرحد پار کی دہشت گردی سے متاثرہ بھارت پچھلی کئی دہائیوں سے اس کا مقابلہ کرنے میں پیش پیش

رہا ہے۔وزیر اعظم نے نائن الیون کے متاثرین کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے ان کے کُنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ورلڈ آرچری پیرا سیریز 2026 کے تیسرے مرحلے میں سونے کا تمغہ جیتنے کیلئے پیرا تیر انداز شیتل دیوی کو مبارکباد دی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے مبارکبادی کے اپنے پیغام میں کہا کہ وومنز کمپاؤنڈ انفرادی ایونٹ میں سونے کا تمغہ جیتنا اور کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم ایونٹ میں کانسے کا تمغہ جیتنا پوری قوم کیلئے باعث افتخار ہے۔انہوں نے مذکورہ کھلاڑی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے زبرون پارک بلیوارڈ پر آج JKTPO کی طرف سے منعقد کئے گئے کشمیر ایکسپو 2026 کا افتتاح کیا۔ 13 ستمبر تک جاری رہنے والے اس ایکسپو میں جموں کشمیر کے کرافٹ، کلچر اور کھان پان کو اجاگر کیا جائے گا۔نائب وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر کہا کہ کشمیر ایکسپو کی بدولت یہاں کے کاریگروں، کارخانہ داروں اور تاجروں کو اپنا مال بھیجنے کیلئے مارکیٹنگ کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی۔

چیف سیکریٹری

جموں کشمیر میں بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی بلاخلل عمل آوری اور ان پروجیکٹوں کی اعلیٰ سطح پر مانیٹرنگ کو یقینی بنانے کیلئے نیشنل پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ کی طرز پر پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ قائم کیا جارہا ہے۔اس تعلق سے آج ایک میٹنگ کے دوران نیشنل PMG کے نمائندوں نے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کو ایک ادارہ جاتی فریم ورک پیش کیا۔مجوزہ نظام کی رو سے پروجیکٹوں کی نگرانی کا عمل تیز کرنے کے ساتھ ساتھ بین محکمہ جاتی رابطے اور رکاوٹوں کو دور کرنا ممکن ہوگا۔چیف سیکریٹری کو بتایا گیا کہ اس موقعہ پر PMG جموں کشمیر کے 61 پروجیکٹوں کی نگرانی کرتا ہے۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے

موبائیل اپلی کیشن AIR on News ، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

HPV

بھارت نے طبی شعبے میں ایک اہم سنگ میل کو عبور کرتے ہوئے **80** لاکھ ہیومن پیپلیوما وائرس ویکسی نیشنز **HPV** کا ہدف حاصل کیا ہے۔ وزارت صحت و خاندانی بہبود نے کہا ہے کہ یہ پروگرام ملک میں اس سال فروری **2026** میں شروع کیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ اس مہم کے تحت **14** برس کی عمر کی لڑکیوں کو مفت اور رضا کارانہ بنیادوں پر سنگل ڈوز **HPV** ویکسین فراہم کیا جاتا ہے، تا کہ ان لڑکیوں کو کینسر جیسی مہلک بیماری سے بچایا جا سکے۔

گڈ ول سکول

آرمی گڈ وِل سکول پہلگام میں آج بھارتی ائرٹیل فاؤنڈیشن اور آرمی گڈ وِل سکول کے باہمی اشتراک سے ایک فیلسٹیشن پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ شمالی کمان کے **GOC** لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما اس تقریب پر مہمان خصوصی جبکہ بھارتی ائرٹیل کے کو چیئرمین **R.B** متل مہمان ذی وقار کی حیثیت سے موجود تھے۔

اس موقعہ پر بتایا گیا کہ ائرٹیل اور آرمی گڈ وِل سکولوں کی شراکت داری اب خطے کے تمام **43** آرمی گڈ وِل سکولوں تک پہنچ گئی ہے۔ **GOC** نے اس موقعے پر طلبا کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے میں بھارتی ائرٹیل اور آرمی گڈ وِل سکول کے گہرے رشتے کی ستائش کی۔-------------**GoC**------

GOC

اسی دوران فوج کے وائٹ نائٹ کور کے **GOC** لیفٹننٹ جنرل پی۔ کے مشرا نے آج راجوری، پونچھ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر اگلی چوکیوں کا دورہ کر کے وہاں موجودہ سلامتی صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مزید چوکسی برتیں اور لائن آف کنٹرول پر فول پروف سیکورٹی کو یقینی بنائیں۔

ADGP

اے ڈی جی پی آرمڈ نتیش کمار نے آج آرمڈ پولیس کمپلیکس پر یہاس پورہ پٹن کا دورہ کر کے **JKAP IR** کے تیسرے **9** ویں، **20** ویں اور **21** ویں **JKAP IR** بٹالینز کے کام کاج اور ان کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر **DIG** آرمڈ کشمیر رینج مقصود الزماں بھی موجود تھے۔

بزنس کمیٹی

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے ارکان نامزد کئے ہیں۔ ان میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، ارکان اسمبلی علی محمد ساگر، مبارک گل، محمد یوسف تاریگامی، غلام احمد میر، سجاد غنی لون، محمد فیاض اور چودھری محمد اکرم شامل ہیں۔

رئیل اسٹیٹ

رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں شفافیت لانے اور گھر خریدنے والوں کے مفادات کو تحفظ دینے کی غرض سے جموں کشمیر رئیل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے اپنی سرکاری ویب سائٹ کو اپ گریڈ کر کے اسے مزید عوام دوست بنا دیا ہے۔ اس پہل کی بدولت یوٹی میں غیر قانونی رئیل اسٹیٹ سرگرمیوں پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔

عرس

بلند پائیہ ولی کامل حضرت سخی جانباز ولی رحمتہ اللہ اور شاہ نعمت اللہ قادری رحمت اللہ علیہ کے سالانہ عرس کی اختتامی تقریبات آج عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع خانپورہ بارہمولہ اور نالہ بند پورہ صفاکدل سرینگر میں درود اذکار اور ختمات المعظمات کی روح پرور مجالس آراستہ ہوئیں۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج درگاہ حضرتبل میں نماز جمعہ ادا کی۔ اس موقعہ پر انہوں نے جموں و کشمیر میں امن و امان اور لوگوں کی خوشحالی کیلئے دعا کی۔

ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ورنو لولاب میں آگ کی ایک واردات میں **15** دکانوں کے خاکستر ہونے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے۔

بی جے پی

جموں میں بی جے پی کے صدر دفتر پر آج پارٹی لیڈروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں 'سیوا سنکلپ ابھیان' کے **11** بڑے پروگراموں کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ کی صدارت جنرل سیکریٹری (آرگنائزیشن) اشوک کول نے کی۔ میٹنگ میں پارلیمنٹ ممبر جوگل کشور شرما، غلام علی کھٹانہ اور سابق نائب وزیر اعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ بھی موجود تھے۔

اس دوران اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد اور پارٹی کے سینئر لیڈر سنیل شرما نے آج کھٹوعہ اور سانبہ میں منعقد کئے گئے عوامی درباروں کے دوران لوگوں کے مسائل سنے۔

جی ایم شاہین

جنتادل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے سیاحت کے مرکزی وزیر سے اپیل کی ہے کہ وہ یوٹی میں سیاحتی سیکٹر کی بحالی اور اسے وسعت دینے کیلئے ایک خصوصی اور جامع پیکیج کا اعلان کریں۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاحتی شعبہ جموں کشمیر میں ریڑ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس سے آبادی کے ایک بیشتر حصے کو روزگار حاصل ہوتا ہے۔

برسی

لولاب سوگام میں نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر مشتاق احمد لون کی **24** ویں برسی کے موقعے پر ان کے مقبرے پر گلباری اور فاتحہ خوانی کی مجلس آراستہ ہوئی جس میں پارٹی کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے لولاب قیصر جمشید لون اور دیگر کئی شخصیات نے شرکت کی۔

اگنو

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے جولائی **2026** کے تدریسی سیشن کیلئے ڈیولپمنٹ اسٹڈیز میں ایک سال کا نیا **M.A** پروگرام شروع کیا ہے۔ ایک پریس بیان میں یونیورسٹی نے کہا ہے کہ اس پہل سے ترقیاتی سیکٹر میں خصوصی اعلیٰ تعلیم کو فروغ حاصل ہوگا اور طلبا کو پالیسی سازی اور سماجی تبدیلی سے متعلق جدید علوم سے روشناس کرانے میں مدد ملے گی۔

NTA

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے (CSIR-UGC NET) جون 2026 امتحان کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ اُمیدوار اپنے نتائج اور رینک این ٹی اے کی آفیشل ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے کولگام اور اننت ناگ میں دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ جن کی پہچان موگا پنجاب کے رہنے والے سکندر سنگھ اور اترسو اننت ناگ کے رہنے والے مظفر احمد وانی کے بطور ہوئی ہے۔

اس دوران پولیس نے ترال میں 3 افراد کو نشیلی اشیا کی کچھ مقدار سمیت گرفتار کیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق کشمیر وادی میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے جبکہ جموں ڈویژن میں کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16.4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 11 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ۔